08.11.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ مختلف سیاسی پارٹیوں نے، مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے لیے چناؤ مہم تیز کردی ہے۔ وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی نے مہاراشٹر کے **Dhuule** شہر میں عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ بدعنوانی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کی حکومت کی پالیسی سے، بدعنوانی کا جڑ سے خاتمہ ہوجائے گا۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت اور آسیان کے درمیان اشتراک، جدید چیلنجوں سے نمٹنے میں اہمیت کا حامل ہوسکتا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی اقلیتی ادارے کی حیثیت سے متعلق کیس میں 1967 کے فیصلے کے خلاف اپنا فیصلہ سنایا ہے۔ عدالت نے اب اِس معاملے کو ایک مستقل بنچ کے حوالے کردیا ہے۔

☆ بیڈمنٹن میں بھارت کی کرن جارج، **Iksan** شہر میں، کوریا ماسٹرس ٹورنامنٹ کے، مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں داخل ہوگئے ہیں۔

☆ اور کرکٹ میں: چار میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی-20 بین الاقوامی میچ میں آج شام ڈربن میں بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Campaigning**

سیاسی پارٹیوں نے مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے لیے اپنی اپنی چناؤ مہم تیز کردی ہے۔مہاراشٹر میں سبھی 288 حلقوں کے لیے پولنگ اِس مہینے کی 20 تاریخ کو ہوگی۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ایک بعد ایک ریلی اور روڈ شو کررہے ہیں۔وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج دھولے میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں

نے کہا کہ بھارت کی ترقی کے لیے خواتین کو بااختیار بنانا اہم ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی حکومت خواتین کی فلاح وبہبود کی پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہاراشٹر میں ترقی کی رفتار پچھلے ڈھائی سال میں، جوتھی، وہ برقرار ہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت مہاراشٹر کی ترقی کو اگلے پانچ سال میں نئی اونچائیوں تک لے جائے گی۔جناب مودی نے کہا کہ مہایُتی اتحاد حکومت، ریاست میں درکار اچھی حکمرانی فراہم کرسکتی ہے۔جناب مودی آج دن میں دیر گئے ناسک ایک انتخابی ریلی کا انعقاد کریں گے۔ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں کرائے جارہے ہیں۔ پہلے مرحلے کی ووٹنگ اِس ماہ کی 13 تاریخ کو ہوگی، دوسرے مرحلے کی پولنگ اِس ماہ کی 20 تاریخ کو کرائی جائے گی۔ مختلف ریاستوں میں 48 اسمبلی حلقوں اور کیرالہ کے وائناڈ پارلیمانی حلقے، نیز مہاراشٹر کے نانڈیڑ لوک سبھا حلقے کےضمنی انتخابات کے لیے بھی چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ اور بی جے پی کے رہنما امت شاہ نے آج مہاراشٹر کے Shirala میں ایک عوامی جلسہ سے خطاب کیا۔ دوسری طرف این سی پی (ایس پی) کے سربراہ شردپوار نے وردھ میں مہاوکاس اگھاڑی کے امیدواروں کی حمایت میں انتخابی مہم میں حصہ لیا۔ این سی پی (ایس پی) کی لیڈر Supriya Sule نے پونے میں اور پارٹی کے لیڈر جینت پاٹل نے Chiplun میں انتخابی مہم میں شرکت کی۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے جھارکھنڈ کے Simolega میں آئی این ڈی آئی اے اتحاد کے امیدواروں کی حمایت میں انتخابی ریلی کی۔

**Rev.President-Vigilance**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ بدعنوانی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کی حکومت کی پالیسی سے بدعنوانی کا جڑ سے خاتمہ ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دیانتداری اور ڈسپلن کو بھارتی سماج میں زندگی کے اقدار کی حیثیت حاصل ہے۔صدرجمہوریہ نئی دلی میں ایک تقریب سے خطاب کررہی تھیں، جس کا انعقاد سینٹرل ویجی لینس کمیشن CVC کے بیداری ہفتے2024 کے موقع پر کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بدعنوانی ایک بیماری ہے، جس کا جڑ سے خاتمہ کردیا جانا چاہئے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ حکومت نے بدعنوانی پر قابو پانے کیلئے بہت سے اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے فائدوں کی راست منتقلی کی اسکیم، ای-مارکیٹ پلیس اور اقتصادی مجرموں سےمتعلق قانون کا، اِن اقدامات میں سے، کچھ کے طور پر ذکر کیا۔صدر جمہوریہ نے کہا کہ بدعنوان افراد کے خلاف جلد قانونی کارروائی کیا جانا انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے کام اور فلاحی اسکیموں میں لوگوں کی دلچسپی، حکمرانی کے لیے طاقت کا ایک وسیلہ ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بدعنوانی، اقتصادی ترقی میں محض کوئی رکاوٹ نہیں ہے، بلکہ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی ویجی لینس کمشنر آر کے سریواستو نے اس موقع پر کہا کہ حکومت نے، بدعنوانی کے تئیں ہرگز برداشت نہ کرنے کی پالیسی اپنائی ہوئی ہے۔

**Jaishankar Singapore**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت اور آسیان کے درمیان، اشتراک کی دفاعی اہمیت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کی آبادی کے تناسب اور ابھرتی ہوئی مانگوں سے عالمی معیشت میں باہمی مدد مل سکتی ہے اور یہ اہم بنیادیں بن سکتی ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر آج سنگاپور میں دانشوروں کے، آسیان-بھارت نیٹ ورک کی آٹھویں گول میز کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور آسیان ملکوں کے درمیان تعاون، جدید چیلنجوں سے نمٹنے میں اہمیت کا حامل ہوسکتا ہے۔ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت اور آسیان کے درمیان مشترکہ میدانوں میں سیاسی پیچیدگی کا اعتراف کیا، جسے اجتماعی طور پر دور کئے جانے کی ضرورت ہے۔ ایک اہم مثال کے طور پر میانمار کی طرف اشارہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قریبی تعلقات کی روشنی میں،

ملکوں کے مفادات اور منظر ناموں میں ہمیشہ فرق رہے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ملکوں کے درمیان فاصلے یا وقت کی کوئی بڑی اہمیت نہیں ہے۔ڈاکٹر جے شنکر نے کنکٹویٹی کے نئے اقدامات کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے مشرق کے لیے سہ ملکی شاہراہ پروجیکٹ، بھارت-مشرق وسطیٰ-یوروپ راہ داری IMEC اور بین الاقوامی شمال-جنوب ٹرانسپورٹ راہ داری INSTC جیسے میدانوں میں بھارت کے بڑے عزائم کو اجاگر کیا۔وزیر خارجہ نے اِس سے پہلے دن میں اپنے سنگاپور دورے کا آغاز ملک کے نائب وزیر اعظم، اور تجارت وصنعت کے وزیر Gan Kim Yong سے ملاقات سے کیا۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے جدید دو طرفہ شراکت داری کے طور طریقوں پر بات چیت کی، جس میں صنعتی پارکس، اختراع اور سیمی کنڈکٹرس جیسے شعبوں پر توجہ دی گئی۔ڈاکٹر جے شنکر آسٹریلیا کا اپنا دورہ مکمل کرکے دو ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں سنگاپور پہنچے ہیں۔

## EAM-Fake Memo

وزارت خارجہ نے، سوشل میڈیا پر گشت کرنے والی ایک میمو کو فرضی قرار دیا ہے، جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ بھارتی سفارتخانوں کو مغرب میں دہشت گردوں کو لانے، لے جانے اور تربیت دینے کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔
میمو میں الزام لگایا گیا ہے کہ بھارتی حکومت، انتہاپسندوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنے مشن اور قونصل خانوں کو ایک اہم طاقت کے طور پر آگے بڑھا رہی ہے۔

## SC-AMU Minority

سپریم کورٹ کی، 7 ججوں پر مشتمل ایک بنچ نے آج 3 کے مقابلے 4 کی اکثریت سے، 1967 کے ایک فیصلے کے خلاف اپنا فیصلہ سنایا ہے۔ ایس- عزیز باشا بنام یونین آف انڈیا نام کا 1967 کا یہ فیصلہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (AMU) کی اقلیتی حیثیت سے انکار کی بنیاد بنا تھا۔ اس فیصلے میں کہا گیا تھا کہ کسی قانون تحت کوئی شامل کیا گیا ادارہ یہ دعویٰ نہیں کرسکتا کہ وہ ایک اقلیتی ادارہ ہے۔آج سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ کوئی ادارہ اپنی اقلیتی حیثیت سے محض اس لیے محروم نہیں ہوسکتا کہ اُسے کسی قانون کے تحت تشکیل دیا گیا تھا۔فیصلے میں زیادہ ججوں نے کہا ہے کہ عدالت کو یہ ضرور چھان بین کرنی چاہئے کہ کس نے یونیورسٹی قائم کی تھی اور اِس کے پیچھے کیا نظریہ کار فرما تھا۔ اگر اِس چھان بین سے، اقلیتی برادری کا اشارہ ملتا ہے تو یہ ادارہ، آئین کی دفعہ 30 کے مطابق اقلیتی حیثیت کا دعویٰ کرسکتا ہے۔حقائق کی بنیاد پر دیے گئے اِس فیصلے کے لیے آئینی بنچ نے اِس معاملے کو ایک مستقل بنچ کے حوالے کردیا ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے، جو اِس بنچ کی قیادت کررہے ہیں، کہا کہ چار الگ الگ رائے ہیں، جن میں 3 فیصلے مذکورہ چار فیصلوں کے برخلاف ہیں۔

## Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کے کرن جارج Iksan شہر میں جاری کوریا ماسٹرس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے آج صبح کوارٹر فائنل میں ایکس-چودہ، سولہ-ایکس کے سیدھے سیٹوں میں جاپان کے Takuma Obayashi کو شکست دی۔اس سے پہلے جارج نے تائیوان کے Chi Yu Jen کو کل پری کوارٹر فائنل میں ایکس-سترہ، انیس-ایکس، ایکس-سترہ سے شکست دی تھی۔

**Cricket T-20**

کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چار ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج ڈربن کے Kingsmead میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے سے شروع ہوگا۔دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ اتوار کے روز Gqebera کے St George's پارک میں جبکہ تیسرا میچ سنچورین میں اور چوتھا اور آخری میچ آئندہ ہفتے Johannesburg میں کھیلا جائے گا۔